


Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़
روزنامہ
# عوامی نیوز
کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
بے باک صحافت کا علمبردار
₹5/- only
کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں




Pages-12 ● 57 :شمارہ ● 12 :جلد ● KOLKATA ● Friday, 28th February 2025 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ● E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com, Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332 ● ۲۹ شعبان المعظم ۱۴۴۶ھ ● بمطابق ● جمعہ، ۲۸ فروری ۲۰۲۵ء ● کلکتہ

# "بھاجپا" کی عمر اب بہت کم رہ گئی ہے، کنول خزاں رسیدہ ہوگا

# ممتا بنرجی نے پورے وثوق سے کہا 26 کا الیکشن ترنمول کے نام ہوگا

کولکاتا، 27 فروری: نیتاجی انڈور اسٹیڈیم میں ترنمول کانگریس کا میگا میٹنگ کا اصل ہدف رہا کہ کس طرح اور کس حکمت عملی کے تحت 2026 کا اسمبلی الیکشن پر فتح پائی جائے۔ اس فتح یابی کے لئے پارٹی کے جنرل سکریٹری ابھیشیک بنرجی پارٹی کے سبھی چھوٹے بڑے لیڈران کو ان کی ذمہ داری کا پورا احساس دلا دیا اور زوردار لہجے میں کہا کہ اتنی زیادہ محنت کریں کہ اس بنگال سے بھاجپا نیست و نابود ہوجائے۔ اور ہر طرف ہر گام پر صرف ترنمول کانگریس کا جھنڈا بلند ہوکر لہرائے۔ خود ممتا بنرجی نے بھی اپوزیشن کی پیش قدمی سے نالاں ہوکر بلند بانگ آواز میں بولیں کہ بھاجپا کا ٹائم لائن کا وقت پورا ہونے کو ہے۔ 2026 کی شاندار جیت کے بعد بنگال کی سرزمین سے بھاجپا دم توڑ دے گا۔ اس بھری مجلس میں ممتا بنرجی نے بھاجپا سے متعلق جو بھی کہا سبھی لیڈران نے اس کی پرزور تائید بھی (باقی صفحہ 4 پر)



## ووٹر لسٹ میں پنجاب، گجرات کے ووٹر، ممتا بنرجی کی رگ حس پھڑکی

### جعلسازی کا پتہ لگانے کے لئے سبرتو بخشی کی قیادت میں نئی کمیٹی بنی

کولکاتا، 27 فروری: گول مال ووٹر لسٹ کے سامنے آتے ہی ریاستی حکومت کی بھی نیندیں اڑ گئیں۔ کارکنوں کی میٹنگ میں ممتا بنرجی نے یہ الزام لگایا کہ ووٹر لسٹ میں پنجاب و گجرات کے لوگوں کا نام بھی درج ہے۔ اس سے ہوشیار رہنے (باقی صفحہ 4 پر)

## سورت کے شیوشکتی بازار میں شدید آگ، 800 دکانیں ہوئیں بند، آسمان میں دھواں ہی دھواں



گاندھی نگر، 27 فروری: گجرات کے سورت واقع شیوشکتی ٹکسٹائل مارکیٹ میں بدھ کو آگ لگ گئی تھی۔ دیکھتے ہی دیکھتے آگ کے شعلوں نے مارکیٹ کی پہلی اور دوسری منزل کو اپنی زد میں لے لیا۔ اس بھیانک آتشزدگی سے موقع پر ہنگامہ برپا ہوگیا اور بڑی مشکل سے اندر پھنسے لوگوں کو باہر نکالا گیا۔ 24 گھنٹے گزر گئے ہیں اور فائر بریگیڈ کی ٹیم آگ پر قابو (باقی صفحہ 4 پر)

## دہلی کی ساؤتھ ایشین یونیورسٹی میں ہنگامہ، نان ویج کھانے کو لے کر طلبا کے دو گروپ میں تنازعہ

نئی دہلی 27 فروری: دہلی کی ساؤتھ ایشین یونیورسٹی میں مہا شیوراتری کے موقع پر جم کر ہنگامہ ہوا۔ اطلاع کے مطابق مہا شیوراتری کے دن ایک ہی میس میں ویج اور نان ویج کھانا پیش کیا گیا۔ اس کی وجہ سے تنازعہ شروع ہو گیا۔ اس دوران اسٹوڈنٹس فیڈریشن آف انڈیا نے اے بی وی پی کے طلبا پر مار پیٹ کا الزام لگایا۔ جس کی اے بی وی پی نے تردید کی۔

ساؤتھ ایشین یونیورسٹی میں میس کی سکریٹری یشودا نے بھی مار پیٹ کا الزام لگایا ہے۔ انہوں نے اس بارے میں جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ اے بی وی پی کے کچھ طلبا نے مہا شیوراتری کے دن نان ویج پڑوسے جانے پر (باقی صفحہ 4 پر)












# 1984 سکھ مخالف فسادات کا فیصلہ آگیا

## کیا 2002 مسلم کش فسادات کا فیصلہ کبھی آئے گا؟


خورشید فرازی

دہلی کی ایک عدالت نے کانگریس کے سابق ممبر پارلیمنٹ سجن کمار کو ایک قتل کے کیس میں سزائے عمر قید سنائی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی کو جب دہلی کے دو سکھ محافظوں نے انہیں گولی مار کر ہلاک کر دیا تھا اور اس وقت سکھ مخالف فسادات شروع ہو گئے تھے اور 1984 کا وہ سانحہ ایسا تھا جو ناقابل بیان ہے جب ملک کے مختلف حصوں میں سکھ مخالف فسادات شروع ہو گئے تھے۔ اسی وقت کانگریس ایم پی سجن کمار پر الزام عائد ہوا تھا کہ وہ بھی 1984 میں سکھ مخالف فسادات میں ملوث تھے اور ایک مشتعل ہجوم کی قیادت کرتے ہوئے انہیں قتل کے لئے اکسا رہے تھے۔ دہلی عدالت کے جج نے کہا کہ وہ تو یہی چاہتے تھے کہ سجن کمار کو اس کیس میں ملوث پائے جانے پر انہیں قتل کے لئے اکسا رہے تھے۔ دہلی عدالت کے جج نے کہا وہ تو یہی چاہتے تھے کہ سجن کمار کو اس کیس میں ملوث پائے جانے پر انہیں سزائے موت کا حکم سنا دیں لیکن ایک 80 سالہ شخص جو اپنی اس ضعیفی میں مختلف امراض سے متاثر ہے اسے پھانسی کی سزا کیسے دی جا سکتی ہے جبکہ سکھ مخالف فسادات کے دوران جو لوگ مشتعل ہجوم کے ہاتھوں مارے گئے تھے ان جنونیوں کی قیادت سجن کمار کر رہے تھے اور دہلی عدالت کے اسپیشل جج کاویری باویجہ نے کہا کہ وہ جرم 80 سالہ کمار نے اس وقت انجام دیا تھا جب ان کی عمر 40 سال تھی اور جس انداز کا جرم انہوں نے کیا اس کے مقابلے میں سزائے عمر قید قدرے آسان سزا ہے جبکہ مدعی اور اس کے اہل و عیال پرزور مطالبہ کر رہے تھے کہ سجن کمار کو سزائے موت دی جائے۔ جج نے کہا کہ سجن کمار جو اس وقت 80 سال کے ہیں اور ضعیف العمری کے سبب بصارت، سماعت سے متاثر ہیں علاوہ ازیں ضعف، کمزوری اور مختلف جسمانی اعضاء کے کام نہ کرنے کی پریشانیوں سے دوچار ہیں ان کے لئے سزائے عمر قید اطمینان بخش فیصلہ ہے اور اب وہ اسے محسوس کر سکیں گے کہ انہوں نے کیا برا کیا تھا جو انہیں کرنا نہیں چاہئے تھا۔ سجن کمار یوں تو دہلی کے سکھ مخالف فسادات میں سرگرم حصہ لینے کے سلسلے میں ماخوذ تھے اور اسی معاملے میں وہ پہلے ہی سے عمر قید کی سزا بھگت رہے ہیں۔ لیکن اس کے علاوہ ایک دوسرا کیس بھی اس پر لاگو ہوا ہے جس میں جسونت سنگھ اور اس کے بیٹے ترون دیپ سنگھ کے قتل کا معاملہ ہے جو یکم نومبر 1984 کو رونما ہوا تھا۔ سجن کمار جنہیں دوسرے فساد کے سلسلے میں ملوث ہونے کی بناء پر عمر قید کی سزا ملی ہے، انہیں جسونت سنگھ اور ترون دیپ سنگھ کے قتل کے سلسلے میں پوچھ تاچھ کرنے کے لئے تہاڑ جیل سے یہاں لایا گیا۔ مقتول جسوسنت سنگھ کی اہلیہ کے وکیل نے سجن کمار پر سوچے سمجھے ارادے کے ساتھ جسونت سنگھ اور ترون دیپ سنگھ کو قتل کرنے کے لئے مشتعل ہجوم کو اکسا تھا اور اس ہجوم نے سکھ مخالف فسادات کے دوران ان دونوں باپ بیٹے کا بھی کام تمام کر دیا تھا۔ جج باویجہ نے کہا میرے خیال میں مشتعل ہجوم کو بھڑکا کر قتل کرا دینا اس ملک کے لئے بڑی معمولی بات ہے اور اس کیس کو کوئی نایاب کیس نہیں کہا جا سکتا ہے کیونکہ اکثر فرقہ وارانہ فسادات کے دوران مشتعل ہجوم کو بھڑکا کر قتل کرایا گیا اسکے گھر دکان میں آگ لگا دی گئی، اس کیس کے سلسلے میں بھی دفعہ 302 (قتل) 149 (غیر قانونی طور پر یکجا ہونا) برائے انڈین پینل کوڈ پیش کیا گیا ہے۔

سجن کمار کے وکیل دفاع نے عدالت سے کہا کہ ان کی ضعیف العمری اور مختلف امراض کے ساتھ ان کے جیل میں قید رہنے کی رپورٹ بھی ملاحظہ کی جائے۔ اس پر جج نے کہا کہ میں اس حقیقت کو سمجھتا ہوں کہ اس ضعیف العمری اور مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو جانے والا شخص اپنی بہت ساری ضروریات کو خود پورا نہیں کر سکتا اور اس کے لئے اسے اپنے گھر والوں اور مدد گاروں کی ضرورت پڑتی ہے، لیکن جیل چونکہ کوئی اسپتال نہیں ہے اور ایک قیدی کو چاہے وہ جس حالت میں ہو، اسے اپنی ضروریات خود پوری کرنا پڑتی ہے۔ اس موقع پر جج نے ان کی بہت ساری رپورٹوں پر بھی نظر ثانی کی اور پتہ چلایا کہ سجن کمار ڈاکٹروں کی نگرانی میں تھا اور ایسے میں اسے جیل میں قید کیا گیا تو وہ بچ نہیں پائے گا۔ ڈاکٹروں کی تشخیص میں جو کاغذ پیش کیا گیا کہ اس کے بموجب وہ نیورولوجسٹ اور یورولوجی میں مبتلا ہونے کے بعد مختلف ڈاکٹروں کی نگرانی میں تھا۔ دہلی کی عدالت نے انہیں سزائے موت کی جگہ عمر قید کی سزا اس لئے سنائی کہ سپریم کورٹ سامنے آئی تھی کہ سزائے موت صرف نادر الوجود کیسوں کے سلسلے میں دی جائے۔

بہر کیف 1984 کے سکھ مخالف فسادات کے سلسلے میں سجن کمار سے جو فاش غلطی ہوئی تھی اس کے لئے انہیں سزائے عمر قید اور اس فیصلے سے یہ بھی امید پیدا ہو چلی ہے کہ 2002ء میں گجرات میں مسلم کش فسادات میں ملوث لوگوں کی بھی اب خیر نہیں ہوگی۔ ویسے تو گجرات فساد میں ملوث 11 زانیوں کو جو بلقیس بانو کے اجتماعی عصمت دری اور اس کے خاندان کے 7 افراد کو بے رحمی سے قتل کرنے والوں کو ہمارے وزیر اعظم نے 2023 میں 15 اگست کے موقع پر رہا کر دیا تھا کہ اب باہر نکلوں اور نئے شکار ڈھونڈو۔ لیکن اس فیصلے کے خلاف شدید احتجاج شروع ہوا تو سپریم کورٹ نے ان سبھی 11 خطرناک قاتلوں اور زانیوں کو دوبارہ جیل بھیج دیا اور مودی نے سپریم کورٹ کا مذاق اڑاتے ہوئے ان سبھی قاتلوں کو باری باری 50-50 دنوں کے پیرول میں رہا کرنے کا سلسلہ شروع کیا۔ اس وقت ایک کمسن بچی کی عصمت دری اور قتل میں ملوث ڈھونگی آشا رام باپو 50 دنوں کے لئے پیرول میں رہا ہوئے ہیں تاکہ نیا شکار ڈھونڈ سکیں۔

☆




روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا | جمعہ، ۲۸ فروری ۲۰۲۵ء

## افغانستان میں تعلیمی تحریک چلانے والے معمر برطانوی جوڑے کی گرفتاری

افغانستان جہاں طالبان اپنی مرضی کی حکومت چلاتے ہیں اور حکومت افغان نے باشندوں کی زندگی کو زہر ہلاہل بنا رکھا ہے اور ملک میں لڑکیوں کے لئے تعلیم کی حصولی کو جرم مانا جاتا ہے، شاید اسی وجہ سے ملالہ یوسف زئی کو قتل کرنے کی کوشش کی گئی تھی لیکن برٹش ڈاکٹروں نے اس کی کھوپڑی سے اس کارتوس کو باہر کر لیا جو کارتوس ملالہ کے سر میں لگنے کے بعد ہڈیوں کے درمیان اٹک کر رہ گیا تھا۔ اس وقت ملالہ یوسف زئی ایک برطانوی شہرت رکھتی ہیں اور حکومت برطانیہ نے خواتین کی تعلیم و تربیت کو فروغ دینے والے سینٹر کا چیئر پرسن ملالہ کو بنا دیا ہے اور برطانیہ کے اس عمل سے طالبان حکمرانوں کو شرم تو آئی ہوگی لیکن جن کی گھٹی میں یہ بیماری لگ جائے اور اس کو یہی سمجھ میں آئے کہ خواتین کی تعلیم و تربیت وہاں کے مردوں کے لئے تنزلی کا باعث بنے گی تو پھر اس سلسلے میں اور کیا کہا جا سکتا ہے۔ ابھی طالبانوں نے ایک برٹش جوڑے کو جو گزشتہ 20 برسوں سے افغانستان میں تعلیمی پروگرام اور افغانی بچوں (بچے و بچیوں) کے لئے اسکول میں جانا ضروری قرار دیتے تھے، اس ضعیف العمر جوڑے کو جس میں مرد 70 سال اور اس کی بیوی 67 سالہ ہے اور یہ دونوں بیس برسوں سے زیادہ عرصے سے افغانستان کے مختلف خطوں کا دورہ کرتے ہیں اور ہر جگہ اسکولی بچوں کے لئے ایک ہی پیغام دیتے ہیں کہ انہیں تعلیم سے منہ نہیں موڑنا ہے اور کسی بھی حال میں اپنی تعلیم کو مکمل کرنا ہے لیکن اس ضعیف جوڑے کو طالبان حکومت نے گرفتار کر لیا ہے۔ اس ضعیف جوڑے کے بچوں نے ایک انٹرویو کے دوران اس کا اظہار کیا۔ اس ضعیف جوڑے کی گرفتاری پر سبھوں نے حیرت کا اظہار کیا ہے کہ یہ دونوں گزشتہ 20 برسوں سے زیادہ عرصے سے افغانستان میں بچوں کی تعلیم و تربیت کا پروگرام چلاتے رہے ہیں اور اتنے برسوں کے بعد انہیں گرفتار کیا گیا تو آخر کس جرم میں۔ افغانستان میں 2021 میں طالبان نے اس وت قبضہ کر لیا تھا جب امریکہ کے نومنتخب صدر جو بائیڈن نے اچانک افغانستان میں موجود ہزاروں کی تعداد میں امریکی فورس کو افغانستان سے نکل جانے کو کہا تھا اور امریکی فوج کے افغانستان سے نکلتے ہی طالبان نے وہاں پر قبضہ کر لیا اور لڑکیوں کے لئے تعلیم پر پابندی عائد کر دی تھی۔ یہ جوڑا گزشتہ 20 برسوں سے افغانستان میں بچوں کی تعلیم کے لئے پرزور کوشش کرتا رہا تھا۔ 2021 میں جب امریکی فوجوں نے افغانستان کا انخلاء شروع کیا تو امریکی فوجوں نے اس برطانوی جوڑے کو بھی افغانستان سے نکل جانے کو کہا تھا لیکن اس جوڑے نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا اور افغانستان اور افغان باشندوں سے پیار کرتے تھے اور وہ ان کی بھلائی چاہتے تھے۔ اس برطانوی جوڑے کے چار بچے بھی افغانستان میں ہیں اور سب سے بڑی بیٹی سارہ نے کہا کہ ان کے ڈیڈی اس ملک سے بے حد پیار کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی فوجوں کے انخلاء کے بعد افغانستان میں طالبان نے قبضہ کر لیا اور وہاں اسلامی جمہوریہ قائم کر لیا اور ساتھ ہی خواتین سے تعلیم کی حصولی کے حقوق سلب کر لئے کہ لڑکیاں صرف درجہ ششم تک پڑھ سکتی ہیں، اس کے آگے نہیں ان کے بچوں نے بی بی سی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ وہ کسی طرح سے اپنے والدین سے رابطہ کرنے میں کامیاب ہوئے اور انہوں نے بتایا کہ وزارت داخلہ کے حکم سے انہیں گرفتار کیا گیا ہے لیکن وہ بالکل خیریت سے ہیں اور انہیں کوئی گزند نہیں پہنچایا گیا ہے یہ جوڑا پیٹر رونالڈن (72) اور بابی رونالڈز (75) ہے۔ یہ دونوں گزشتہ کئی برسوں سے افغانستان میں تعلیم کو بڑھاوا دینے کی کوشش کرتے رہے ہیں اور بہت سارے تعلیمی پروجیکٹوں کو بھی انہوں نے شروع کیا تھا۔ انہوں نے 2009 میں یہاں ایک تربیتی کورس کا سینٹر بھی قائم کیا تھا۔ اس جوڑے کی شادی 50 سال قبل ہوئی تھی اور وہ عہد نوجوانی سے افغانستان میں تعلیم کو فروغ دینے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ اس جوڑے کے ہراساں بچوں نے طالبان حکومت کو ایک مکتوب لکھا ہے اور ان سے گزارش کی ہے کہ وہ ان کے بچوں پر ترس کھائیں اور ان کے والدین کو رہا کر دیں جنہیں وہ بے حد پیار کرتے ہیں۔ رونالڈز کے بچوں نے لکھا کہ میرے والدین افغانستان کو اپنا گھر تصور کرتے تھے اور جب وہاں حکومت کے قوانین بدلے اور طالبان کی حکمرانی آئی تو وہ ان کے قوانین کو مان کر چلنے لگے تھے۔ ان کا پورا خاندان برطانیہ میں ہے اور وہ دونوں افغانی بچوں سے پیار کرنے کے سبب سے برسہا برس سے افغانستان میں تھے۔ (خ الف ف)

## کینسر سے اموات معاملہ میں امریکہ اور چین کے بعد ہندوستان تیسرے مقام پر



کینسر سے ہونے والی اموات کے معاملے میں ہندوستان چین اور امریکہ کے بعد تیسرے نمبر پر ہے۔ گلوبل کینسر ڈیٹا کے ایک تجزیہ کے مطابق ہندوستان میں ہر 5 میں سے 3 لوگ کینسر کی تشخیص کے بعد مر جاتے ہیں۔ مردوں کے مقابلے خواتین پر اس کا 'عموماً زیادہ اثر' ہوتا ہے۔ معروف طبی جریدہ 'دی لینسیٹ' کے مطابق امریکہ میں کینسر کے معاملوں اور اموات کا تناسب تقریباً 4 میں سے ایک پایا گیا ہے، جبکہ چین میں یہ تناسب 2 میں سے ایک تھا۔ انڈین کونسل آف میڈیکل ریسرچ (آئی سی ایم آر) کے ایک مطالعہ میں انکشاف ہوا ہے کہ کینسر کے معاملوں میں چین اور امریکہ کے بعد ہندوستان تیسرے نمبر پر ہے اور پوری دنیا میں کینسر سے ہونے والی 10 فیصد سے زائد اموات کے لیے ذمہ دار بھی ہے۔ محققین کے مطابق آنے والے 20 سالوں میں ہندوستان میں کینسر سے ہونے والی اموات کی تعداد میں اضافہ ہوگا، کیونکہ جیسے جیسے لوگوں کی عمریں بڑھیں گی، ہر سال کینسر کے معاملوں میں 2 فیصد کا اضافہ ہوگا۔ تحقیقات کے مطابق ہندوستان میں عام طور پر 5 طرح کے کینسر ہوتے ہیں، جس سے مرد و خواتین متاثر ہوتے ہیں، جو کینسر کے کل معاملوں کا 44 فیصد ہے۔ محققین کے مطابق گزشتہ 20 سالوں میں ہندوستان میں مختلف عمر اور جنس کے لوگوں میں 36 طرح کے کینسر دیکھے گئے، جس کے لیے انہوں نے گلوبل کینسر آبزرویٹری (گلوبوکین) 2022 اور گلوبل ہیلتھ آبزرویٹری (جی ایچ او) کے ذریعہ جاری کردہ اعداد و شمار کا استعمال کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ہندوستان میں خواتین زیادہ تر 'بریسٹ کینسر' سے متاثر ہو رہی ہیں۔ خواتین کے بریسٹ کینسر کے معاملوں میں 30 فیصد نئے معاملوں کا اضافہ ہوا ہے اور 24 فیصد سے زیادہ اموات بریسٹ کینسر سے ہوئی ہیں۔ بریسٹ کینسر کے بعد سروائیکل کینسر میں 19 فیصد نئے معاملے سامنے آئے ہیں اور اس کی وجہ سے تقریباً 20 فیصد اموات ہوئی ہیں۔ کینسر پر تحقیق کرنے والی بین الاقوامی ایجنسی (آئی اے آر سی) نے اندازہ لگایا ہے کہ 2050 تک ہندوستان میں بریسٹ کینسر کے نئے معاملوں میں 170 فیصد اور اموات میں 200 فیصد کا اضافہ ہوگا، اس لیے ابتدائی ٹیسٹ اور تشخیص زیادہ ضروری ہوگئی ہے۔ آئی اے آر سی نے اس حوالے سے مزید کہا کہ پوری دنیا میں 20 میں سے ایک خاتون کو اس کی اپنی زندگی میں اس بیماری کا پتہ چلے گا اور اگلے 25 سالوں میں اس سے متعلق معاملوں میں 38 فیصد اور اموات میں 68 فیصد کا اضافہ ہوگا۔ یعنی پوری دنیا میں سالانہ کینسر کے 32 لاکھ نئے معاملے سامنے آئیں گے اور اس سے 11 لاکھ اموات ہوں گی۔ علاوہ ازیں آئی اے آر سی کی مانیٹرنگ برانچ کے ڈپٹی چیف ڈاکٹر اسابیل کے مطابق ''جلدی پتہ لگانا اور بہتر علاج ملنا بہت ضروری ہے تاکہ پوری دنیا میں بریسٹ کینسر سے ہونے والے مسائل کو کم کیا جا سکے، اور یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہر ملک میں بریسٹ کینسر سے ہونے والی اموات کو کم کرنے کا مقصد پورا ہو۔'' مردوں میں منہ کا کینسر ہونا عام بات ہے، جو 16 فیصد نئے معاملوں کا ذمہ دار ہے، اس کے بعد سانس کی نالی کا کینسر (8.6 فیصد) اور غذائی نالی کا کینسر (6.7 فیصد) ہے۔ تحقیقاتی ٹیم نے عمر کے حساب سے کینسر کی موجودگی میں تبدیلی بھی دیکھا ہے، جس میں ضعیفوں (70 سال یا اس سے زیادہ) میں کینسر کا سب سے زیادہ اثر تھا۔ تولیدی عمر والے (15-49 سال) کے لوگوں میں دوسرے سب سے زیادہ معاملے دیکھے گئے ہیں۔ گلوبوکین اس مطالعہ کو ہندوستان میں کینسر کی موجودہ اور مستقبل کی حیثیت کے پہلے جامع جائزے کے طور پر پیش کرتا ہے جو مختلف عمر کے جماعتوں اور صنفی عدم مساوات پر مرکوز ہیں۔ یہ پوری دنیا کے 185 ممالک اور علاقوں کے غیر میلانوما جلد کے کینسر سمیت 36 طرح کے کینسر پر اپنے اعداد و شمار فراہم کرتا ہے۔

## اب دیکھنا یہ ہے کہ کب تک سرمائے دارانہ نظام کا راج رہتا ہے؟



حکومتوں پر دائیں بازو کا قبضہ بڑھنے سے سرمائے دارانہ نظام میں اضافہ ہو رہا ہے، جو عوام کے لیے نقصاندہ ہے۔ ضروری ہے کہ حکومتیں ترقی کو اپنا غلام بنائیں، نہ کہ اسے خود پر مسلط ہونے دیں پوری دنیا میں تبدیلی کی ہوا چل رہی ہے، زیادہ تر ممالک میں لوگ دائیں بازو کی حکومتوں کا انتخاب کر رہے ہیں۔ دائیں بازو کی حکومتوں اور ان کے حلیف سرمائے داروں کا غلبہ بڑھتا جا رہا ہے۔ اس نئے نظام کے تحت امیر اور امیر ہوتا جا رہا ہے جبکہ دنیا کا متوسط اور غریب طبقہ غربت کی نئی کھائیوں میں گرتا جا رہا ہے۔ اس میں کوئی دورائے نہیں عوام کو زندگی کی روز نئی سہولیات میسر ہو رہی ہیں، جس کا فائدہ بھی گھوم پھر کر سرمائے داروں کو ہی ہو رہا ہے کیونکہ جدید سہولیات فراہم کرنے کے نام پر غریب کی جیب پر ہی ڈاکا ڈالا جا رہا ہے۔ یعنی سرمائے داروں کے جدید آلات کو خریدنے والا بھی چاہئے۔ ترقی اور جدت کے نام پر جس نظام کی رسی عوام کو پکڑنے میں مزہ آ رہا ہے، وہ درحقیقت ان کے گلے اور جیب کا پھندا بنتی جا رہی ہے۔ عوام اسی رسی کو مضبوطی سے تھامے ہوئے ہیں کیونکہ انہیں سہولت پسندی کا عادی بنایا جا رہا ہے۔ ترقی اور آسانی ہر کسی کی خواہش و ضرورت ہوتی ہے لیکن جب یہ آسانی دماغ پر چڑھ جائے اور اس سے وہ اپنے حق میں فیصلے کرنے کے بجائے اپنے خلاف فیصلے کرنے لگے تو اس کے نتائج خوفناک ہو جاتے ہیں۔ ترقی کرنا اور آگے بڑھنا انسانی فطرت بھی ہے اور ضرورت بھی لیکن ترقی کرنے کے نام پر خود کو گروی رکھنے کے بجائے ترقی کو اپنا غلام بنانے کی ضرورت ہے لیکن جو ترقی کے ثمر عوام تک پہنچا رہے ہیں وہ عوام کو اپنا غلام بنائے رکھنا چاہتے ہیں جس کے لئے وہ اپنی مرضی کی حکومتیں چاہتے ہیں۔ سرمائے دار اپنی مرضی کی حکومت قائم کرنے کے لئے اپنے ترقی کے آلات اور سرمائے کا خوب استعمال کرتے ہیں۔ سرمائے دار کوئی بھی اقدام اپنے سرمائے کو بڑھانے کے علاوہ نہیں لیتا جس کی تازہ مثال دنیا کا سب سے طاقتور ملک امریکہ ہے۔ امریکی صدارتی انتخابات میں ویسے تو ریپبلکن امیدوار ڈونالڈ ٹرمپ خود سرمائے دار رہے ہیں اور سوالوں کے گھیرے میں بھی رہے ہیں لیکن جس طرح ایکس کے مالک ایلون مسک نے ٹرمپ کی انتخابی مہم میں ہر طرح سے مدد کی اور جس کی وجہ سے ٹرمپ کی جیت کے بعد مسک کی طاقت میں بے تحاشہ اضافہ ہوا، وہ قابل ذکر ہے۔ مسک کی بڑھتی طاقت کا اندازہ تو ہو ہی رہا تھا لیکن جس طرح مسک اپنے بیٹے کو لے کر امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے اہم اجلاس میں پہنچے یا جس طرح ہندوستانی وزیر اعظم نریندر مودی اپنے امریکی دورے کے دوران مسک کی اہلیہ اور بچوں کو اہمیت دیتے ہوئے نظر آئے اس سے ان کے قد اور طاقت کا اندازہ ہوتا ہے۔ ظاہر ہے اس قد کو دکھانے کا مقصد ان کو اپنے سرمائے میں اضافہ کرنا ہے۔ جس کو انہوں نے ظاہر بھی کر دیا کہ وہ اپنی الیکٹرک کار ہندوستان میں بیچنے جا رہے ہیں اور ظاہر ہے اپنی شرطوں پر ہی بیچیں گے۔ جو کچھ امریکہ میں ہو رہا ہے، کچھ ویسا ہی ہندوستان میں بھی ہو رہا ہے جہاں حکومت عوام کا کم اور کارپوریٹ گھرانے یعنی سرمائے داروں کا زیادہ خیال رکھتی نظر آ رہی ہے۔ حکومت کے اس اقدام کے بدلے میں سرمائے دار بھی حکومتوں کے حق میں کھڑے نظر آ رہے ہیں، جس کی وجہ سے امیر اور امیر و غریب مزید غریب ہوتا جا رہا ہے، جس کا سیدھا مطلب ہے کے غریبوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے اور امیروں کی تعداد کم ہوتی جا رہی ہے لیکن جو چند امیر ہیں ان کی دولت میں بے انتہا اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔

موجودہ رجحان جس میں حکومتوں پر دائیں بازو کا قبضہ بڑھ رہا ہے جس کے نتیجے میں ممالک میں سرمائے دارانہ نظام میں اضافہ ہو رہا ہے اور یہ رجحان ممالک کے عوام کے لئے نقصاندہ ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ موجودہ رجحان کب تک جاری رہتا ہے کیونکہ غریبی عوام کو مشتعل کر دیتی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ حکومتیں ترقی کو اپنا مالک نہیں بلکہ اپنا غلام بنائیں اور اسے اپنے اوپر قطعی طور پر مسلط نہ ہونے دیں۔

**Aawami news** Kolkata
Also published from Ranchi & Patna
Friday, 28th February, 2025

روزنامہ عوامی نیوز کولکاتا
جمعہ، ۲۸ فروری ۲۰۲۵ء

# SPORTS کھیل کی دنیا

**Sushanta Kumar Ghosh councillor, ward 108 along with Gulshan brothers enhances Ramzan happiness by distributing Ramzan special kit to residents of Panchannogram. In an event near Gulshan Colony auto stand.**



**Treasurer of Indian Karate association Moni Mala Halder congratulates Sushanta Kumar Ghosh for the Noble work.**

# بنگلہ دیشی گیند بازی کوچ مشتاق احمد نے وقار یونس اور وسیم اکرم کو ہرجانے کی دھمکی دی



لاہور، 27 فروری (یواین آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کھلاڑی اور موجودہ بنگلا دیشی بولنگ کوچ مشتاق احمد نے وقار یونس اور وسیم اکرم کو ہرجانے کی دھمکی دے دی۔ جنگ نیوز کے مطابق ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم یوٹیوب کے ایک شو کے دوران مشتاق احمد نے بذریعہ ویڈیو اپنے ماضی کے ساتھیوں کے لیے پیغام بھیجا جسے پروگرام کے دوران چلایا گیا۔ مذکورہ پیغام میں انہوں نے پاکستانی کرکٹ ٹیم کے سابق کھلاڑیوں وقار یونس اور وسیم اکرم سے ان کے ماضی کے رویوں پر شکوہ کیا ہے اور کہا ہے کہ جب ہم تینوں ٹیم کا حصہ ہوا کرتے تھے تو وقار یونس اور وسیم اکرم مجھے ہراسگی کا نشانہ بناتے تھے جس کے لیے میں انہیں عدالت میں لے کر جاؤں گا۔ مشتاق احمد کا کہنا ہے کہ وقار یونس اور وسیم اکرم میرے ساتھ تضحیک آمیز رویہ اختیار کرتے تھے، جس سے میرا اعتماد اور پرفارمنس متاثر ہوئی، اس لیے میں وقار یونس کو 20 کروڑ اور وسیم اکرم کو 15 کروڑ ہرجانے کا نوٹس بھیج رہا ہوں، اب میں ان سے عدالت میں ملوں گا۔ بنگلا دیشی بولنگ کوچ کا مذکورہ خصوصی پیغام سن کر ان کے ماضی کے ساتھی کھلاڑی وقار یونس اور وسیم اکرم ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہو گئے۔ وسیم اکرم نے مشتاق احمد کے سنجیدہ انداز کے مذاق پر انہیں سراہتے ہوئے تالیاں بجائیں جبکہ وقار یونس نے کہا کہ مشی بھائی (مشتاق احمد) کے اس پیغام سے ہمارا شو اچھا ہو جائے گا، اس کے ساتھ ہی انہوں نے شکوہ بھی کیا کہ مجھ سے 5 کروڑ زیادہ کیوں مانگ رہے ہیں؟ جس پر وسیم اکرم نے کہا کہ کیونکہ آپ ان کی دکھتی رگ پر ہاتھ رکھتے ہیں۔ سوئنگ کے سلطان نے مشتاق احمد کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہم آپ کے بہت بڑے مداح ہیں، انہوں نے ماضی کی روایت برقرار رکھتے ہوئے بنگلا دیشی بولنگ کوچ کی ٹانگ ایک بار پھر کھینچی اور کہا کہ اعتماد کی بات آپ نہ کریں آپ نے اچھے سے اچھے دن بھی انڈا (صفر) اسکور کیا ہے اس لیے ہم عدالت میں ہی ملیں گے، دوسری جانب وقار یونس نے مشتاق احمد سے معافی مانگ لی۔

YOURS আপনার আپ کے

যাকাত زکوۃ ZAKAT

دیگر عطیات فطرہ




9836576568 9836576568

M/S. ANJUMAN MUFIDUL ISLAM, CALCUTTA M/S. ANJUMAN MUFIDUL ISLAM, CALCUTTA

**DONATE GENEROUSLY** کو عنایت کریں۔

**BANK DETAILS**
**Bank Name : ICICI Bank**
**A/C No. 129601000891**
**IFSC : ICIC0001296**
**Branch : Moulali**

**BANK DETAILS**
**Bank Name : State Bank**
**A/C No. 10825714129**
**IFSC : SBIN0001140**
**Branch : C.I.T Road**

انجمن مفید الاسلام کلکتہ
আঞ্জুমান মফিদুল ইসলাম কোলকাতা
**ANJUMAN MUFIDUL ISLAM CALCUTTA**
**20, NOOR ALI LANE, KOLKATA - 700 014**

N.B.: ALL CHEQUES TO BE DRAWN IN FAVOUR OF " ANJUMAN MUFIDUL ISLAM CALCUTTA"
All donation in the Anjuman are exempted from Income Tax Act U/S 80G OF INCOME TAX ACT 1961.

Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor-Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804

پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30، چترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹیڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع۔ ایڈیٹر: پریم شنکر، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی۔ (پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804